# الیکشن کمیشن آف پاکستان

سینیٹ میں صوبہ خیبر پختونخوا کی خالی خواتین کی ایک نشست کیلئے ضمنی انتخاب 2025

پولنگ کی تاریخ: 31-07-2025 پولنگ کا مقام: (جرگہ ہال) صوبائی اسمبلی بلڈنگ، خیبر پختونخوا

پولنگ کا دورانیہ صبح 9:00 بجے سے شام 4:00 بجے تک

## (ہدایات برائے ووٹر)

## (ممبران صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا)

1۔ اپنی رائے کا اظہار کرنے کے لئے بیلٹ پیپر حاصل کرتے وقت ریٹرننگ آفیسر کو اسمبلی سے جاری شدہ اپنا شناختی کارڈ دکھائیے تاکہ بیلٹ پیپر کے مثنیٰ (Countorfoll) پر اندراجات کئے جاسکیں۔

2۔ بیلٹ پیپر کے مثنیٰ (Counterfoil) پر آپ کا نام اور حلقہ نمبر درج کرنے کے بعد آپ کو عام نشست پر چناؤ کے لئے بیلٹ پیپر جاری کیا جائے گا۔

3۔ بیلٹ پیپر پر امیدواروں کے نام اردو حروف تہجی کی ترتیب کے مطابق درج ہونگے۔

4۔ آپ بیلٹ پیپر حاصل کرنے کے بعد پردہ دار جگہ (SCREENED OFF COMPARTMENT) میں تشریف لے جائیں۔ خیال رہے کہ راستے میں آپ کسی دوسرے ووٹر، امیدوار یا کسی دوسرے شخص کے پاس نہ جائیں اور نہ ہی ان سے بات کریں تاکہ وقت ضائع نہ ہو۔

5۔ آئین کے آرٹیکل 226 کے تحت سینیٹ انتخابات خفیہ رائے شماری کے تحت ہوتے ہیں لہذا ووٹ کے تقدس اور اس کو خفیہ رکھنے کے لیے موبائل فون پولنگ اسٹیشن کے احاطے میں لے جانے کے حوالے سے پابندی عائد ہے۔ اگر آپ غلطی سے موبائل فون ساتھ لے آئے ہیں تو وہاں موجود پولنگ افسر کے پاس جمع کروادیں اور اپنا ووٹ ڈالنے کے بعد موبائل واپس لے جائیں۔

6۔ پردہ دار کمرہ میں پہنچ کر وہاں موجود بال پین (Ball Pen) کی مدد سے آپ نے بیلٹ پیپر پر ترجیحات درج کرنی ہیں۔

7۔ آپ جو ترجیحات اپنی پسند کے امیدواروں کو دینا چاہتے ہیں ان کے ناموں کے سامنے اپنی ترجیحات صرف انگریزی ہندسوں یا صرف اُردو کے ہندسوں میں درج کریں اور کسی صورت میں دونوں زبانوں کے ہندسوں کو ملا کر نہ لکھیں۔ ایسی صورت میں آپ کا ووٹ مسترد ہو سکتا ہے۔

8۔ **قانون کے مطابق سینیٹ الیکشن میں ووٹ مسترد ہو جائے گا اگر اس پر:**

اَ. ترجیحات کے خانے میں ہندسہ "1" درج نہ ہو۔

ب. ہندسہ 1 ایک سے زیادہ امیدواروں کے ناموں کے سامنے درج ہو۔

ج. ہندسہ "1" اس طرح درج ہو کہ اس امر کا تعین مشکل ہو جائے کہ وہ کس امیدوار کے لیے ہے۔

د. کسی امیدوار کے نام کے سامنے ہندسہ "1" کے ساتھ کوئی دوسرا ہندسہ بھی درج ہو۔

ہ. کوئی اور نشان یا تحریر درج ہو جس سے ووٹر کی شناخت ہو سکے۔

براہ کرم اپنا ووٹ ڈالتے وقت مندرجہ بالا ہدایات کو مد نظر رکھیں تا کہ آپ کا ووٹ ضائع نہ ہو۔